D. No. DF/ 2904

Dates: 10/11/2020

ڈپٹی رجسٹرار، پی۔آر۔پی،

زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

بعنوان: نوٹس برائے نیلامی کماد

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے مختلف فارمز پر کماد کی نیلامی حسب ذیل شیڈول کے مطابق کی جائے گی۔

**(1)**- اچکیرہ فارم پر 155 کنال (مربع نمبر 63 میں 60 کنال، مربع نمبر 43 میں 60 کنال اور مربع نمبر 50 میں 35 کنال) کماد (sugarcane) **کا نیلام عام مورخہ یکم دسمبر 2020 بروز منگل بوقت 11:00am بجے کیا جائے گا۔**

**(2)**- پارس فارم پر 64 کنال (مربع نمبر 24 میں 44 کنال اور مربع نمبر 29 میں 20 کنال) کماد (sugarcane) **کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ، فیصل آباد پر مورخہ 3 دسمبر 2020 بروز جمعرات بوقت 11:00am بجے کیا جائے گا۔**

**قوانین و شرائط درج ذیل ہیں:۔**

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ -/50,000 روپے بطور زرضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ ایڈوانس ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد دو اقساط میں واجب الادا ہوگی جس کے دو عدد ایڈوانس چیک ضمانت کے طور پر وصول کئے جائیں گے جو کہ بالترتیب 28-12-2020 اور 20-01-2021 کی تاریخوں کے ساتھ کیش کروائے جا سکیں اور بولی شدہ کماد کی فصل 15 مارچ 2021 سے پہلے کاٹ کر رقبہ خالی کرنا ہوگا اور رقبہ میں جانور چرانے منع ہوں گے۔

5۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

6۔ کرونا وائرس سے بچنے کے لئے تمام احتیاطی تدابیر لازمی اختیار کریں۔

**نوٹ: 1- مذکورہ بالا تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ اچکیرہ فارم پر نیلامی 8 دسمبر 2020 بروز منگل منعقد ہوگی اگر بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو یہی بولی دوبارہ پھر 15 دسمبر 2020 بروز منگل اوپر دیے گیے وقت کے مطابق منعقد ہوگی۔**

**2- مذکورہ بالا تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ پارس فارم پر نیلامی 10 دسمبر 2020 بروز جمعرات منعقد ہوگی اگر بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو یہی بولی دوبارہ پھر 17 دسمبر 2020 بروز جمعرات اوپر دیے گیے وقت کے مطابق منعقد ہوگی۔**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز اور دو قومی اخبارات میں مشتہر کروا دیں۔**


**ڈاکٹر محمد طاہر**

**ڈائریکٹر فارمز/ کنونیر آکشن کمیٹی**

**ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔**

**فون نمبر: 041-9201203**


**کاپی برائے اطلاع و مناسب کارروائی:۔**

1۔ چیئرمین، ڈیپارٹمنٹ آف ایگرانومی/ ممبر آکشن کمیٹی۔

2- لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر/ ممبر آکشن کمیٹی۔

3- سپرینٹنڈنٹ پارس/ ممبر آکشن کمیٹی۔

4- اسرار احمد باجوہ، ایڈمن آفیسر (پری آڈٹ)/ ممبر آکشن کمیٹی۔

5۔ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول (DPIC)، درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس PPRA ویب سائٹ پر مشتہر کروا دیں۔

6۔ ڈائریکٹر آئی۔ٹی (I.T)، درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس یونیورسٹی ویب سائٹ پر مشتہر کروا دیں۔